ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(121)

مورخہ 05.03.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات ، گزشتہ دو روز کی مختلف کارروائیوں میں 25 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ بغدادالجدید، تھانہ صدر احمد پور شرقیہ، تھانہ نوشہرہ جدید، تھانہ سٹی یزمان، تھانہ خیر پور ٹامیوالی، تھانہ مسافر خانہ اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 12 ملزمان کو گرفتار کر کے انکے قبضہ سے 505 لیٹر شراب اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کرلی۔اسی طرح تھانہ بغدادالجدید، تھانہ خیر پور ٹامیوالی، تھانہ اوچشریف، تھانہ سٹی یزمان اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 07 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 08 کلو 560 گرام چرس اور 60 گرام کرسٹل آئس برآمد کرلی۔جبکہ تھانہ عباس نگر، تھانہ اوچشریف اور تھانہ سٹی یزمان پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 06 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 03 عدد پسٹل 30 بور اور 03 عدد ریوالور 32 بور برآمد کر لئے۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے،انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ دو روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(122)

05.03.24

بہاول پور(   )وزیراعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس نے ماہ فروری 2024 میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈان کیا، 117 مقدمات درج رجسٹرڈ کر کے 117 منشیات فروش گرفتار کئے۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد ہوئی۔ بہاولپور سے منشیات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف سے منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیر کمانڈ بہاول پور پولیس نے گزشتہ ماہ سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کی گرفتاریاں عمل میں لاتے ہوئے 117 مقدمات درج رجسٹرڈ کر کے 117 ملزمان کو بند حوالات کیا۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 39 کلو 640 گرام چرس، 130 گرام ہیروئن، 42 گرام کرسٹل آئس، 05 کلو بھنگ، 3373 لیٹر شراب اور 07 چالو بھٹیاں برآمد کیں۔اس حوالے سے ڈی پی او سید محمد عباس نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کو مزید تیز کیا جائے۔منشیات مافیا کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی، خاص کر تعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔منشیات فروشوں کے خلاف جاری مہم میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہرصورت یقینی بنایا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی جانب سے بہاولپور پولیس کی گزشتہ ماہ میں منشیات فروشوں کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن کی پراگرس رپورٹ جاری

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(123)

مورخہ 05.03.24

بہاول پور( )ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کو جرائم پیشہ افراد کے خلاف کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری، تھانہ کوتوالی پولیس کی کارروائی، چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار۔نجی لیبارٹری کا لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ مال مسروقہ برآمد۔عوام الناس کو لوٹنے والے کسی رعائیت کے مستحق نہیں، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی کمانڈ میں شہریوں کو ریلیف مہیا کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ کوتوالی پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور موثر حکمت عملی سے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم اشفاق کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے تقریبا30 لاکھ روپے مالیتی نجی لیبارٹری کا چوری شدہ سامان برآمد کرلیا۔گرفتار ملزم سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے، جلد اس کے باقی ساتھیوں کو بھی گرفتار کر لیا جائے گا۔ برآمدہ مال مسروقہ ضروری کارروائی کے بعد اصل مالک کے حوالے کیا جا رہا ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال ریکور کرایا جا رہا ہے تا کہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جا سکے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے بہترین کارکردگی پر تھانہ کوتوالی پولیس کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں تھانہ کوتوالی پولیس کی کارروائی، چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار، نجی لیبارٹری کا لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ سامان برآمد کرلیا